اور بعض اور مصنفین اسلام نے بدلائل یہ ثابت کیا ہے کہ مسلمانوں کو ایران اور روم میں جو فتوحات حاصل ہوئیں ان کے اسباب کے سلسلہ میں یہ کہنا سرتاسر غلط ہے کہ یہ دونوں حکومتیں اندرونی اختلافات چھوٹے اور بڑے کے امتیازات۔ اور ایک عام انارکی پیدا ہو جانے کے باعث خود کمزور پڑ چکی تھیں، اسی طرح ذمیوں کی نسبت مطلقاً یہ کہنا کہ وہ اپنی معاشرتی کمتری کو دور کرنے کے لئے جوق درجوق مسلمان ہوتے تھے۔ صحیح نہیں ہے۔ ان چند باتوں کو چھوڑ کر کتاب بحیثیت مجموعی تاریخی اعتبار سے قابلِ قدر اور صاحب ذوق کے مطالعہ کے لائق ہے۔

سیرت شہید کربلا | جلد دوم مترجمہ مولوی محمد ایوب صاحب عثمانی تقطیع بڑی ضخامت ۳۲۲ صفحات کتابت طباعت عمدہ قیمت عہ پتہ:۔ مکتبہ معارف القرآن اورنگ آباد ضلع گیا۔

مولوی محمد ایوب صاحب عثمانی مصر کے ایک فاضل کی مشہور کتاب الحسین کا ترجمہ پہلے شائع کر چکے ہیں اور وہ اہل علم میں مقبول ہو چکا ہے اب انھوں نے اس کتاب کے دوسرے حصہ کا ترجمہ کیا ہے یہ ترجمہ بھی پہلے حصہ کی طرح سلیس اور رواں ہے۔ اردو میں امام حسین رضی اللہ عنہ کے حالات زندگی پر ایسی کوئی مفصل اور معتبر تصنیف موجود نہیں تھی۔ لائق مترجم نے اس کتاب کو اردو میں منتقل کر کے ایک بڑی کمی کو پورا کر دیا ہے۔ ہمیں امید ہے کہ مسلمان اسکی قدر افزائی کرینگے۔

معمار اعظم | از جناب عزیز احمد صاحب استاد شعبۂ انگریزی جامعہ عثمانیہ تقطیع ۱۸×۲۲/۸ ضخامت ۱۷۵ صفحات کتابت طباعت متوسط قیمت ۱۲ر ملنے کا پتہ:۔ انجمن ترقی اردو (ہند) دہلی

یہ کتاب ابسن کے ڈرامہ (The Master Bnilder) کا ترجمہ ہے۔ جس میں اس نے اپنی زندگی کے اور اپنے وطن مالوف ناروے کے معاشرتی و اقتصادی حالات جو اس نے ستائیس برس تک پردیس میں رہنے کے بعد یہاں آکر دیکھے اور تقریباً ۱۸۹۰ء میں یہاں کے ادبی محاذ کی کیفیات قلمبند کی ہیں۔ ڈرامہ اگرچہ بڑی حد تک شخصی اور ذاتی حیثیت رکھتا ہے